# ڈائریکٹرز کا جائزہ

برائے ختم شدہ سال 31 دسمبر 2021

کمپنی کے ڈائریکٹرز 31 دسمبر 2021 کو ختم شدہ سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بشمول اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہے ہیں۔

## بورڈ میں تبدیلیاں

جناب من جے ہوانگ اور مس وون لی یکم فروری 2022 کو بورڈ سے مستعفی ہوگئے اور جناب ال کیو کم اور مس جے سن پارک کو اُسی دن ڈائریکٹرز کے طور پر منتخب کیا گیا تا کہ 22 جون 2023 تک کی باقی ماندہ مدت کے لیے خالی ہونے والی اسامیوں کو پر کیا جائے۔

بعد ازاں جناب سانگ ہیون لی کو مستعفی ہونے والے ڈائریکٹر جناب من جے ہوانگ کی جگہ فوری طور پر بورڈ کے چیئر مین کے طور پر منتخب کیا گیا۔

بورڈ اپنے مستعفی ہونے والے ڈائریکٹرز جناب من جے ہوانگ اور مس وون لی کی خدمات کو سراہتے ہوئے کمپنی کے نئے ڈائریکٹرز جناب ال کیو کم اور مس جے سن پارک کو خوش آمدید کہتا ہے۔


## کاروباری جائزہ


### کروڈ آئل

پہلی سہ ماہی کے دوران کروڈ آئل کی قیمتوں میں تیزی آئی کیونکہ Covid-19 وائرس کے نتیجے میں لاگو ہونے والے سفری پابندیوں کے خاتمے سے عالمی معیشتوں میں بحالی دیکھی گئی۔ تیزی کے اس رجحان میں سعودی عرب کی جانب سے پیداوار میں کمی لانے اور امریکہ میں معاشی بحالی کے پیکیج سے متعلق تبادلہ خیال سے مزید اضافہ ہوا۔ البتہ، ساؤتھ ایسٹ ایشیا اور بھارت میں کرونا کے کیسز میں اضافے کے سبب دوسری ششماہی کے آغاز سے اس تیزی میں کمی آنا شروع ہوئی۔ اس کے باوجود، مذکورہ علاقے میں صورتحال میں بہتری آتی ہی، تیل کی قیمتوں میں پھر اضافے کا رجحان رہا اور قیمتیں بڑھتی رہیں۔ مزید براں، امریکہ اور ایران کے درمیان جوہری معاہدے سے متعلق بات چیت شروع ہونے سے مارکیٹ میں ایرانی تیل کا اضافہ ہوتا جس میں تعطل سے قیمتوں میں تیزی رہی۔ تاہم قیمتوں میں ایک بار پھر اس وقت تیزی آئی جب اوپیک پلس نے 2021 کے اختتام تک یومیہ 2 ملین بیرل کل اضافے کے منصوبے کا اعلان کیا۔ قیمتوں میں ایک بار پھر کمی اس وقت آئی جب دنیا بھر میں پھر کرونا نے اپنے وار شروع کئے اور چین نے کرونا وائرس سے متعلق زیرو ٹالرنس پالیسی کے نفاذ کا اعلان کیا۔ سال کی آخری سہ ماہی کے دوران کروڈ آئل کی قیمتوں میں امریکی طوفان کے سبب سپلائی میں تعطل کے نتیجے میں تیزی دیکھی گئی۔ علاوہ ازیں، کوئلے اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کے سبب کروڈ آئل کو متبادل کے طور پر استعمال کیا گیا جس سے قیمتوں میں تیزی شروع ہوئی۔ اوپیک پلس کی جانب کارروائی میں ناکامی کے سبب اقوام متحدہ، چین، بھارت، ساؤتھ کوریا، جاپان اور برطانیہ کی جانب سے اسٹریٹیجک پیٹرولیم ریزروز (SPR) سے کروڈ آئل کی مشترکہ فراہمی کی گئی۔ سال کے آخر تک، آئل کی طلب میں کچھ کمی دیکھی گئی جب Covid-19 کے نئے ویرینٹ اومیکرون نے عالمی معیشتوں پر اثرات مرتب کئے۔ سال کے اختتام پر کروڈ آئل کی قیمتیں 75.21 bbl/ امریکی ڈالر جبکہ سال کے لیے اوسط قیمت 67.83 bbl/ امریکی ڈالر رہی۔

### پیرازائلین (PX) انڈسٹری

دوران سال PX کی قیمتوں میں کروڈ آئل کی طرح طلب میں بہتری اور بحالی سے زبردست تیزی دیکھی گئی۔ علاقے میں کئی طرح کے زیر منصوبہ اور غیر منصوبہ بندشوں کے نتیجے میں مارکیٹ میں بہتری آئی۔ البتہ سال کی دوسری سہ ماہی میں تیزی میں اس وقت کمی واقع ہوئی جب ساؤتھ ایسٹ ایشیا اور بھارت کے علاقے میں کرونا کے نئے کیسز ظاہر ہوئے، جس سے مارکیٹ میں کمزوری واقع ہوئی۔ اس کے باوجود، نئے PX پلانٹ کے شروع ہونے میں تاخیر سے قیمتوں میں کچھ بہتری ہوئی۔ سال کی دوسری ششماہی میں PX کی طلب میں کچھ بہتری دیکھی گئی جب چین میں PTA اور پولیسٹر پروڈیوسرز کو حکومت کی جانب سے بجلی کی بچت کے ٹارگٹ پانے کے لیے اپنے آپریشنز میں کمی لانے کا حکم ملا۔ آخری سہ ماہی کے دوران کروڈ کی قیمتوں کی بحالی سے PX مارکیٹ کو سہارا ملا لیکن ریجن میں بہت ساری سپلائی کے سبب کاروباری اخراجات بڑھنے سے منافع میں تیزی سے مناسب فائدہ حاصل ہوا۔ منافع میں جاری کمی کے نتیجے میں چین کے پروڈیوسرز نے PX کے پیداواری اخراجات میں کمی کرنے کے ساتھ ساتھ پیداوار کو گیسولین جیسی متبادل سستی توانائی پر منتقل کیا۔ دوران سال Naptha پر اوسط منافع 214 ڈالر فی ٹن رہا اور PX کی اوسط قیمت گزشتہ سال 2020 کے 578.25 امریکی ڈالر فی ٹن کے مقابلے میں 858.78 ڈالر فی ٹن رہی۔








## PTAانڈسٹری

PTAانڈسٹری میں اپ اسٹریم فیڈ اسٹاک مارکیٹ والی صورتحال رہی اور سال کے آغاز میں بہتری دکھائی دی۔ طلب میں مناسب بہتری دیکھی گئی کہ دنیا کی بڑی معیشتوں میں وباء سے بحالی کا سفر شروع ہوا۔۔ البتہ سال کی دوسری سہ ماہی میں قیمتوں میں عدم توازن آیا جب ساؤتھ ایسٹ ایشیا اور بھارت کے علاقے میں کرونا کے نئے کیسز ظاہر ہوئے، جس سے مارکیٹ میں کمی واقع ہوئی۔ اس کے علاوہ اسی دوران چین میں کچھ نئے پلانٹس کے شروع ہونے سے ریجن میں فراہمی بڑھی اور قیمتوں میں تیزی کی صورتحال میں استحکام پیدا ہوا۔ سال کی تیسری سہ ماہی کے دوران، چین کے کئی پولیئسٹر پروڈیوسرز کو حکومتی سطح پر توانائی کی بچت کے ٹارگٹ پورے کرنے کے لیے اپنی پیداوار میں کمی لانے پر مجبور کیا گیا اور انوینٹری میں اضافے کے نتیجے میں قیمت میں کمی کا رجحان دیکھا گیا۔ تاہم مارکیٹ نے ایسٹک ایسڈ کی دوہری قیمتوں کے بوجھ سے خود کو بچانے میں کامیابی حاصل کی۔ سال کی آخری سہ ماہی کے آتے ہی، پی ٹی اے کی قیمتوں میں کچھ بہتری آئی کیونکہ فیڈ اسٹاک کی قیمتوں میں زبردست اضافہ ہوا۔ اس کے علاوہ چین میں بجلی کی کھپت پر مذکورہ بالا سختی ہٹنے سے، ڈاؤن اسٹریم پولیئسٹر پروڈیوسرز نے اپنی کاروباری لاگت میں کمی کی اور قیمتوں کو استحکام ملا۔ سال کے آخر میں، قیمتوں میں مندی کا رجحان دیکھا گیا کیونکہ دنیا بھر میں Covid-19 کے نئے ویرینٹ سے مقابلے کی صورتحال رہی۔ چین کے کئی علاقوں میں لاک ڈاؤن کے نتیجے میں پولیئسٹر پروڈیوسرز کو اپنا کام بند کرنا پڑا جس سے مارکیٹ کی صورتحال میں غیر یقینی پیدا ہوئی۔

مجموعی طور پر 2021 کے دوران PTA پروڈیوسرز کا اوسط آپریٹنگ ریٹ 73.4 فیصد رہا۔ سال کے لیے PTA کی اوسط قیمت 668.94 امریکی ڈالرز فی ٹن رہی۔ 20201 کے لیے PX کے مقابلے میں PTA کا منافع 103 امریکی ڈالرز فی ٹن رہا جبکہ گزشتہ سال کا اوسط منافع 86 امریکی ڈالر فی ٹن تھا۔




## مقامی ڈاؤن اسٹریم انڈسٹری

ڈاؤن اسٹریم پولیسٹر انڈسٹری میں گزشتہ سال 2021 میں بحالی دیکھی گئی اور مقامی اور ایکسپورٹ کی طلب میں اضافے کے سبب گزشتہ سال کے مقابلے میں 25 فیصد کی اچھی طلب حاصل ہوئی۔ البتہ سال کی دوسری سہ ماہی کے دوران عالمی فراہمی میں آنے والے تعطل نے خام مال کی فراہمی میں تاخیر سے پروڈیوسرز کو اپنے آپریشنز محدود کرنے پر مجبور کیا۔ علاوہ ازیں، سردی کے موسم میں صنعتوں کو توانائی کی فراہمی میں تعطل نے بھی ٹیکسٹائل کے آپریشنز کو مزید محدود ہونے پر مجبور کردیا۔ اس کے باوجود، پولیئسٹر بزنس میں گزشتہ سال کے مقابلے میں زبردست بحالی دیکھی گئی اور بزنس نے گزشتہ سال میں 70 فیصد کی اوسط شرح کے مقابلے میں 86 فیصد کی اوسط شرح سے کام جاری رکھا۔

## آپریشنز

بورڈ اس بات کو رپورٹ کرتے ہوئے خوش ہے کہ اس سال پیداوار اور فروخت بالترتیب 520,047 ٹن اور 519,079 ٹن رہی، یہ 1998 میں PTA آپریشنز کے آغاز سے لیکر اب تک کی سب سے زیادہ پیداوار اور فروخت ہے۔

دوران سال پیداوار اور فروخت میں گزشتہ سال کے مقابلے میں بالترتیب 25 اور 21 فیصد اضافہ واقع ہوا کیونکہ گزشتہ سال کرونا کے سبب لاک ڈاؤن کے نتیجے میں پلانٹ آپریشنز میں 54 دن کا تعطل آیا تھا۔

کمپنی نے اپنی پیداوار صلاحیت میں سرمایہ کاری کو جاری رکھتے ہوئے مستقل اور پائیدار آپریشنز کے تسلسل اور اپنے پلانٹ کے آپریشنز میں مزید بہتری کے امور جاری رکھے۔

## ہیلتھ، سیفٹی اینڈ انوائرنمنٹ(HSE)

ڈائریکٹرز یہ بتاتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں کہ آپ کی کمپنی نے HSE پر بھرپور توجہ دیتے ہوئے 31 دسمبر 2021 کو 64.6 ملین مین آورز کی تکمیل کا سنگ میل عبور کیا ہے کہ اس دوران کمپنی کا اپنا ملازم یا کنٹریکٹر کا اسٹاف کسی طرح کے حادثے کا شکار نہیں ہوا۔ یہ بے مثال ریکارڈ کسی بھی عالمی معیار پر پورا اترنے کا واضح ثبوت ہے۔ آپ کی کمپنی اپنے ملازمین کی تربیت اور صلاحیتوں میں نکھار لانے کے لیے مناسب ماحول فراہم کرنے پر یقین رکھتی ہے اور ہر وقت تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جدید سازوسامان اور مہارتوں پر بھرپور سرمایہ کاری جاری رکھتی ہے۔

دوران سال قوانین اور معیارات پر عمل درآمد کی تصدیق کے لئے کئی طرح کے اندرونی اور بیرونی آڈٹ ہوئے، جن میں کسی طرح کی بھی قابل ذکر خلاف ورزی سامنے نہیں آئی۔ مزید براں کمپنی نے گندے پانی کے اخراج کے حوالے سے نیشنل انوائرنمنٹ کوالٹی اسٹینڈرڈز پر عمل جاری رکھا اور گیسوں کا اخراج بھی قوانین کی حدود کے اندر تھا۔

2021 میں HSE کارکردگی اور ڈیولپمنٹ سے متعلق تفصیلی رپورٹ سالانہ رپورٹ کے صفحہ نمبر 62 پر ملاحظہ کریں۔

## ماحول پر کمپنی بزنس کے اثرات

ماحول کی حفاظت ہمارے کاروباری استحکام کے نظریہ کی اساس ہے۔ توانائی، پانی، فضلہ اور وسائل کا استعمال، حیاتیاتی ماحول میں تنوع، اخراج کا نظام اور قانون کی پاسداری ہماری توجہ کا مرکز ہیں۔

ہم اس بات کے لیے پرعزم ہیں کہ ہمارے آپریشنز ماحول دوست رہیں اس کے لیے ہم کاربن کے اثرات کو کم کرنے پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں۔ اس عزم کے پیش نظر، ہم پلانٹ سے نکلنے والے گندے پانی کو جدید ڈیپ شافٹ ٹیکنالوجی کے حامل ایفلوئنٹ ٹریٹمنٹ پلانٹ (ETP) کے ذریعے صاف کرتے ہیں۔ کمپنی کے ویسٹ مینجمنٹ کو مزید بہتر کرنے کے لیے ہم نے اپنا ایروبک ری ایکٹر کی تنصیب کا پروجیکٹ شروع کیا ہے، جس کی تنصیب 2021 کی چوتھی سہ ماہی میں مکمل کی گئی۔ ایک ISO14001 سرٹیفائیڈ مایہ ناز ادارے کی صورت میں، ماحولیاتی تحفظ سے طویل المدتی تجارتی استحکام حاصل ہونے کے یقین کے بعد، فضلہ جات کو کم سے کم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل رہا ہے۔

ہمارے ماحولیاتی تحفظ سے متعلق تفصیلی رپورٹ سالانہ رپورٹ کے صفحہ نمبر 66 پر ملاحظہ کریں۔

## مالیاتی کارکردگی

| (روپے ملین میں) | ختم شدہ سال 31 دسمبر | |
|---|---|---|
| | 2021 | 2020 |
| آمدنی | **67,165** | 38,965 |
| مجموعی منافع | **7,581** | 2,642 |
| منافع قبل از ٹیکس | **6,499** | 2,999 |
| ٹیکسیشن | **(1,856)** | (874) |
| منافع بعد از ٹیکس | **4,643** | 2,125 |
| ہر ایک شیئر پر منافع (روپے میں) | **3.07** | 1.40 |

PTA کی قیمت میں اضافے کے سبب گزشتہ سال کے 38,695 ملین روپے کے مقابلے میں 72 فیصد اضافہ سے 67,165 ملین روپے آمدنی حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ زیر جائزہ سال کے لیے مجموعی منافع گزشتہ سال کی اسی مدت کے 2,642 ملین روپے کے مقابلے میں 7,581 ملین روپے رہا۔ مجموعی طور پر مہنگائی بڑھنے سے ڈسٹری بیوشن اور سیلز کے اخراجات 12 فیصد زائد رہے جبکہ انتظامی اخراجات گزشتہ سال کے مقابلے میں زائد رہے۔ کمپنی نے زیادہ منافع حاصل کرنے کے بعد دیگر اخراجات، ورکرز پرافٹ پارٹیسی پیشن اور ورکرز ویلفیئر فنڈ کے لیے گزشتہ سال کے مقابلے میں زائد رقم فراہم کی۔

حکومتی انکم ٹیکس ریٹ اور ڈیفرڈ ٹیکس اکاؤنٹ میں فائنل ٹیکس ریجیم (FTR) کی بنیاد پر سال کے لیے ٹیکسیشن چارج عائد ہوتا ہے۔

سال کے لیے ہر ایک شیئر پر منافع (EPS) گزشتہ سال کے ہر ایک شیئر کے منافع 1.40 روپے کے مقابلے میں بڑھ کر 3.07 روپے فی شیئر ہو گیا۔

## منافع منقسمہ (ڈیویڈنڈ)

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے 31 دسمبر 2021 کو ختم شدہ سال کے لیے ہر ایک شیئر کے لیے عبوری منافع منقسمہ 1.50 روپے (15٪) دینے کی منظوری کے بعد کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو ادا کیا جا چکا ہے۔

## ہیومن ریسورسز

2021 کے دوران، ہیومن ریسورسز کے اعلیٰ معیاروں کے مطابق صلاحیت میں اضافے اور احتساب کے لیے بھرپور کوششیں جاری رکھنے کے ساتھ اپنے صارفین کو فراہم کی جانے والی خدمات اور انتظامیہ کو اعتماد میں لینے کے امور میں بہتری لائی گئی۔ آپ کی کمپنی ملازمین کی ہمت افزائی اور اعتماد کے ماحول کو فروغ دے کر ان کے کاموں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ کمپنی کی مارکیٹ پوزیشن کو برقرار رکھنے کے لیے تمام امور میں مہارت یافتہ افراد کو برقرار رکھتے ہوئے ان کی صلاحیتوں میں نکھار لانے کے اقدامات اٹھائے گئے۔ اپنی ہیومن کیپٹل کی منصوبہ بندی کے تحت کمپنی ملازمت کے یکساں مواقع فراہم کرتی ہے، ہم نافذ لیبر قوانین پر عمل درآمد کرتے ہیں، ہم صنعتی تعلقات میں بہترین تجربات کی پیروی کرتے ہیں اور تمام ملازمین کے لیے تعمیری اور مثبت ماحول کو یقینی بناتے ہیں۔

ہیومن ریسورسز کی کارکردگی اور بہتری سے متعلق تفصیلی رپورٹ برائے سال 2021 کے لیے سالانہ رپورٹ کا صفحہ نمبر 52 ملاحظہ کریں۔

## کاروباری سماجی بہبود (CSR) کے اقدامات

کاروباری طور پر سماجی ادارے کی حیثیت میں، آپ کی کمپنی نے مقامی علاقوں اور سوسائٹی کی بہبود کے لیے اپنے آپ کو مختص کیا ہے۔ ہم نے اپنے معاشرے میں تعلیم اور صحت کے مسائل کی نشاندہی کی ہے اور انہی شعبہ جات میں کام کرنے کے لیے فلاحی اداروں کے ساتھ شراکت داری کرر کھی ہے۔ سماجی بہبود کے اقدامات کو مزید منظم کرنے کے پیش نظر، کمپنی نے LOTTE پاکستان فاؤنڈیشن (LPF) قائم کی ہے۔

کاروباری سماجی بہبود (CSR) کے اقدامات سے متعلق تفصیلی رپورٹ برائے سال 2021 کے لئے سالانہ رپورٹ کا صفحہ نمبر 68 ملاحظہ کریں۔

## مستقبل پر نظر

کروڈ آئل (WTI) کی قیمتوں میں تیل کی طلب میں اضافے کی بدولت تیزی کے امکانات ہیں کیونکہ کرونا کے نئے ویرینٹ اومیکرون کی کم شدت سے دنیا بھر میں بحالی کے امور جاری ہیں۔ اس کے علاوہ، کروڈ آئل کی مجموعی مارکیٹ دباؤ کو شکار رہنے کی امید ہے کیونکہ اوپیک پلس کی جانب سے پیداوار میں اضافے کی کوششیں جاری ہیں۔ تاہم اگر مارکیٹ میں مزید بیرل کے اضافے سے قیمتوں میں بہتری آسکتی ہے۔ علاوہ ازیں، مارکیٹ کو امریکہ، ایران نیوکلیئر معاہدے کی تکمیل کا انتظار ہے جس سے 2022 میں آئل مارکیٹ میں توازن پیدا ہو سکتا ہے۔

2022 میں اپ اسٹریم کروڈ کی قیمتوں میں بحالی کی امیدوں سے PX مارکیٹ میں بھی تیزی کی توقع ہے اور اسی سے ڈاؤن اسٹریم پولیئسٹر کے شعبے میں بتدریج بحالی آئے گی کیونکہ اومیکرون کی شدت ختم ہوتی جارہی ہے۔ آنے والے سال میں چین میں PX اور PTA مارکیٹ میں تقریباً 11.8 ملین میٹرک ٹن کی اضافی پیداوار شامل ہونے جارہی ہے جس سے قیمت پر ڈاؤن اسٹریم دباؤ کم ہو سکتا ہے اور مارکیٹ کو مزید تقویت ملنے کے امکانات ہیں۔ اس کے باوجود، پولیئسٹر کی بڑھتی ہوئی طلب اور ریجن میں تقریباً 6 ملین میٹرک ٹن کے اضافی پیداواری صلاحیتوں سے طلب اور رسد میں توازن آنے کی توقع ہے۔

پولیسٹر کی مقامی مارکیٹ میں تیزی کے امکانات ہیں کیونکہ ٹیکسٹائل کی صنعت میں سرمایہ کاری بڑھنے کا رجحان دیکھا جارہا ہے۔ چینی ویکسین جو ٹیسٹنگ کے مرحلے میں ہے، توقع ہے کہ 2021 کے دوران پاکستان بھر میں تقسیم کردی جائے گی۔ مزید براں، حکومت کی جانب سے ٹیکسٹائل کے شعبے کو تقویت دینے والے اقدامات کی متوقع منظوری اور ٹیکسٹائل پالیسی برائے 2020-2025 سے اس شعبے کی اہلیت میں مزید بہتری آئے گی۔ ڈاؤن اسٹریم پولیسٹر کے شعبے سے PTA کی متوقع اضافی طلب سے 2022 کے اختتام تک کچھ نئے پروڈیوسرز آنے کے امکانات ہیں۔ تاہم توانائی کے موجودہ مسائل سے پروڈیوسرز کو اپنے آپریشنز میں تسلسل کی مشکلات رہیں گی۔

## کارپوریٹ گورننس

ڈائریکٹرز درج ذیل اُمور بیان کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتے ہیں:

- انتظامیہ کی جانب سے تیار کردہ کمپنی کے مالیاتی گوشوارے، کمپنی کے معاملات، آپریشن کے نتائج، کیش فلوز اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کی شفاف صورتحال پیش کررہے ہیں۔
- کمپنی کی جانب سے باقاعدہ طور پر اکاؤنٹس کی بکس برقرار رکھی گئی ہیں۔
- مالیاتی گوشواروں اور اکاؤنٹنگ تخمینے کی تیاری مناسب اور محتاط انداز کی بنیاد پر متعلقہ اکاؤنٹنگ پالیسیوں کے تحت کی گئی ہے۔
- مالیاتی گوشواروں کی تیاری پاکستان میں لاگو انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ کے معیار کے مطابق کی گئی ہے اور اس سے کسی طرح کے انحراف کو باقاعدہ واضح کیا گیا ہے۔
- انٹرنل کنٹرول کا نظام بہترین ہے اور اس پر موثر انداز میں عمل درآمد اور نگرانی کی جاتی ہے۔
- کمپنی کے استحکام اور آگے بڑھنے کی صلاحیت پر کسی بھی شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔
- کارپوریٹ گورننس پر موثر انداز میں عمل درآمد سے کسی طرح کا بھی انحراف دیکھنے میں نہیں آیا۔

## پرنسپل سرگرمیاں

کمپنی PTA کی پیداوار اور فروخت کے کام میں مصروف ہے۔ مالیاتی سال کے دوران کمپنی کی اصل سرگرمیوں میں کسی طرح کی کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔

## خطرات پر قابو پانے کا نظام

آڈٹ کمیٹی کی طرف سے کمپنی کے رسک مینجمنٹ انتظام کی نگرانی اور رسک مینجمنٹ فریم ورک کی فعالیت کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ بورڈ خطرات کے انتظام اور انٹرنل کنٹرول کے ضوابط کا مکمل ذمہ دار ہے۔ کمپنی کے درج شدہ اور مستقل بنیادوں پر زیر جائزہ رہنے والے ضوابط اس انداز سے مرتب کردہ ہیں کہ ہمارے اثاثہ جات اور کاروبار کو درپیش خطرات پر قابو پایا جاسکے، اور اس طرح وقت پر بورڈ اور اعلیٰ انتظامیہ کو رپورٹ دینا بھی یقینی بنایا جائے۔ ادارے کے ڈھانچے سے متعلق ایک شفاف نظام کے ساتھ حکام کی ذمہ داریاں واضح کردہ ہیں اور اعلیٰ انتظامیہ روزمرہ کی بنیاد پر ان طریقہ کاروں، خطرات سے آگہی کے نظام اور کنٹرولز کے موثر ہونے کی ذمہ دار ہے۔

کمپنی کو درپیش ممکنہ خطرات کی تفصیلات اور غیر یقینی کے پیش نظر اٹھائے جانے والے اقدامات سے متعلق بیانیہ سالانہ رپورٹ کے صفحہ نمبر 37 پر ملاحظہ کریں۔

## بورڈ کی تشکیل

ڈائریکٹرز کی کل تعداد اور بورڈ کی تشکیل درج ذیل ہے:

| ڈائریکٹرز کی کل تعداد | |
|---|---|
| مرد | 7 |
| خواتین | 1 |
| | 8 |

| بورڈ کی تشکیل | |
|---|---|
| آزاد ڈائریکٹرز | 3 |
| نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز | 2 |
| ایگزیکٹو ڈائریکٹرز | 2 |
| خاتون ڈائریکٹر | 1 |

## بورڈ کی کمیٹیاں

بورڈ کمیٹیوں کے ممبرز کے نام درج ذیل ہیں:

| آڈٹ کمیٹی | |
|---|---|
| جناب پرویز اختر | چیئرمین |
| جناب ال کیو کم | ممبر |
| جناب عدنان آفریدی | ممبر |

| ایچ آر اینڈ ریمونریشن کمیٹی | |
|---|---|
| جناب پرویز اختر | چیئرمین |
| جناب سانگ ہیون لی | ممبر |
| جناب ینگ ڈے کم | ممبر |

31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کے دوران جو افراد بورڈ اور کمیٹیوں کے ممبران رہ چکے ہیں ان کے نام درج ذیل ہیں:

| ڈائریکٹر کا نام | بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس | آڈٹ کمیٹی کے اجلاس | ایچ آر اینڈ ریمونریشن کمیٹی کے اجلاس |
|---|---|---|---|
| جناب من جے ہوانگ | 4 | - | - |
| جناب حمیر اعجاز | 4 | - | - |
| جناب سانگ ہیون لی | 4 | 4 | 1 |
| جناب ان گو پارک (25 جنوری 2021 کو مستعفی ہوئے) | - | - | - |
| جناب ینگ ڈے کم (25 جنوری 2021 کو منتخب ہوئے) | 4 | - | 1 |
| مس وون لی | 3 | - | - |
| جناب پرویز اختر | 4 | 4 | 1 |
| جناب عدنان آفریدی | 4 | 4 | - |
| جناب محمد زبیر | 4 | - | - |

ان ممبران کی غیر حاضری کی درخواست منظوری کی گئی جو بورڈ میٹنگ میں شرکت نہ کر سکے۔

دوران سال بورڈ آف ڈائریکٹرز کی چار، آڈٹ کمیٹی کی چار، ایچ آر اینڈ ریمونریشن کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ تمام بورڈ میٹنگز پاکستان میں منعقد کی گئیں۔

## ڈائریکٹرز کا مشاہرہ

ڈائریکٹرز کے بورڈ نے نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز (بڑے شیئر ہولڈر کی نامزدگیوں کے علاوہ) کا مشاہرہ بورڈ اجلاسوں، اس کی کمیٹیوں اور اجلاس عام میں حاضری کے حوالے سے منظور کیا ہے۔ پالیسی میں کمپنی بورڈ کے اجلاسوں اور کمیٹیوں میں شرکت پر ہونے والے مناسب اخراجات ادا کرنے کی سہولت بھی دی گئی ہے۔

چیف ایگزیکٹیو اور ڈائریکٹرز کے مشاہرے کی تفصیلات پر مبنی اسٹیٹمنٹ مالیاتی گوشواروں کے نوٹ نمبر 37 پر ملاحظہ کریں۔

## بورڈ کا جائزہ

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز کے تحت مطلوب, بورڈ کے اپنے جائزے، بورڈ ممبران اور Lotte کیمیکل پاکستان لمیٹڈ کی کمیٹیوں کا جائزہ برائے سال ختم شدہ 31 دسمبر 2021 کے لیے مکمل کر لیا گیا ہے۔

آن لائن جائزے کا انتظام بیرونی آزاد سہولت کار، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی جانب سے انجام دیا گیا۔

## اہم انتظامی و مالیاتی ڈیٹا

انتظام اور مالیات کی تفصیل سے متعلق کمپنی کی گزشتہ 6 سال پر مبنی اہم معلومات سالانہ رپورٹ کے صفحہ نمبر 75 پر درج کی گئی ہے۔

## ریٹائرمنٹ فوائد میں سرمایہ کاری

ملازمین کے ریٹائرمنٹ فنڈ سے متعلق سرمایہ کاریوں کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے 31 دسمبر 2020 کو ختم شدہ سال کی تفصیل درج ذیل ہے:

| | (قدر '000 روپے) |
|---|---|
| Lotte کیمیکل پاکستان مینجمنٹ اسٹاف پراویڈنٹ فنڈ | 614,172 |
| Lotte کیمیکل پاکستان مینجمنٹ اسٹاف گریجویٹی فنڈ | 360,493 |
| Lotte کیمیکل پاکستان مینجمنٹ اسٹاف ڈیفائنڈ کنٹری بیوشن سپر اینیویشن فنڈ | 465,026 |
| Lotte کیمیکل پاکستان نان مینجمنٹ اسٹاف پراویڈنٹ فنڈ | 10,158 |
| Lotte کیمیکل پاکستان نان مینجمنٹ اسٹاف گریجویٹی فنڈ | 5,359 |

## پیٹرن آف شیئر ہولڈنگ

کمپنی میں پیٹرن آف شیئر ہولڈنگ سے متعلق اسٹیٹمنٹ برائے 31 دسمبر 2021 اس سالانہ رپورٹ سے منسلک ہے۔

## انٹرنل فنانشل کنٹرولز کا جائزہ

بورڈ، آڈٹ کمیٹی کے ذریعے انٹرنل کنٹرول کا جائزہ اور نگرانی انجام دیتا ہے۔ کمپنی کا اپنا ضابطے کا نظام مضبوط ہے اور اس کے موثر ہونے اور نافذ ہونے سے متعلق جانچ جاری رہتی ہے۔ اندرونی ضابطے کے نظام کو جانچنے کے لیے باہر سے انٹرنل آڈٹ کرانے کے لیے میسرز EY فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی خدمات حاصل کی گئیں جنہیں ان امور کی انجام دہی کے لیے مناسب تصور کیا جاتا ہے اور یہ کمپنی کی پالیسیوں اور عملدرآمد کے امور سے واقف بھی ہوتے ہیں۔

## کمپنی کے شیئرز میں کاروبار

زیر جائزہ سال کے دوران جناب ینگ ڈے کم کو ایک شیئر منتقل کرنے کے علاوہ کمپنی کے شیئرز میں ڈائریکٹرز، چیف ایگزیکٹو، چیف فنانشل آفیسر، کمپنی سیکریٹری اور ہیڈ آف انٹرنل آڈٹ اور ان کے شریک حیات اور بچوں نے کوئی لین دین نہیں کی۔

## ہولڈنگ کمپنی

Lotte کیمیکل کارپوریشن، ساؤتھ کوریا، Lotte کیمیکل پاکستان لمیٹڈ میں 75.01 فیصد شیئرز کی مالک ہے۔

## متعلقہ واقعات

31 دسمبر 2021 کو ختم شدہ سال کے دوران اور اس رپورٹ کی اشاعت کے درمیان کمپنی کی مالیاتی پوزیشن میں کسی طرح کی کوئی قابل ذکر تبدیلی یا کوئی اثرانداز ہونے والی صورتحال پیش نہیں آئی۔

## بیرونی آڈیٹرز

کمپنی کے موجودہ آڈیٹرز میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر ریٹائر ہو رہے ہیں اور اہلیت کی بنا پر خود کو دوبارہ انتخاب کے لیے پیش کیا ہے۔ بورڈ نے آڈٹ کمیٹی کی تجویز کے مطابق میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، کو 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے قانونی آڈیٹر منتخب کرنے کی توثیق کر دی ہے جس کی منظوری شیئر ہولڈرز کے آئندہ سالانہ اجلاس میں لی جائے گی۔

## اظہار تشکر

ہم اپنے شیئر ہولڈرز، کسٹمرز، سپلائرز اور ملازمین کا ان کے مستقل تعاون اور اعتماد پر اظہار تشکر کے طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔

سانگ ہیون لی
چیئرمین

حمیر اعجاز
چیف ایگزیکٹو

تاریخ: 17 فروری 2022
کراچی